نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

دھان کی باقیات کو آگ لگانے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کاروائیاں جاری ہیں۔ سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو

لاہور:09 نومبر 2024( ) سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا ہے کہ صوبہ پنجاب میں دھان کی کٹائی کا عمل جاری ہے۔ محکمہ زراعت پنجاب کے تحت دھان کی باقیات کو آگ لگانے والوں کے خلاف کاروائیوں میں مزید تیزی آئی ہے۔ دھان کی باقیات کو آگ لگانے کے اب تک 1289 واقعات رپورٹ ہوئے ہیں۔ صوبہ پنجاب میں 1700 ایکڑ رقبہ پر دھان کی باقیات کو آگ لگائی گئی ہے۔ دھان کی باقیات کو آگ لگانے والوں کے خلاف 196 ایف آئی آرز کا اندراج عمل میں لایا گیا ہے جبکہ ان کاروائی میں ملوث افراد پر مجموعی طور پر 1 کروڑ 50 لاکھ روپے سے زائد جرمانے عائد کئے گئے ہیں۔ سیکرٹری زراعت پنجاب نے مزید کہا ہے کہ دھان کے علاقوں میں کاشتکاروں کی فنی راہنمائی اور فصل کی باقیات کو آگ لگانے والوں کے خلاف کاروائیوں کیلئے محکمہ زراعت پنجاب کے تحت 22 اینٹی سموگ سکواڈز قائم کئے گئے ہیں۔ ان میں 11 اینٹی سموگ سکواڈز کی موٹروے کے اطراف تعیناتی کی گئی ہے۔ انھوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب سموگ کنٹرول پروگرام کے تحت 5 ارب روپے کی لاگت سے 60 فیصد سبسڈی پر 5 ہزار سپر سیڈرز فراہم کئے جا رہے ہیں۔ اب تک 1 ہزار سپر سیڈرز فراہم کئے جا چکے ہیں۔ دھان کی کٹائی کے علاقوں میں روزانہ کی بنیاد پر ہزاروں ایکڑ رقبہ پر سپر سیڈرز کا استعمال جاری ہے۔ سپر سیڈرز کاشتکار اپنے استعمال کے علاوہ کرایہ پر بھی فراہم کر رہے ہیں۔ سپر سیڈرز کے استعمال سے دھان کی باقیات کو آگ لگانے میں واضح کمی واقع ہوئی ہے۔

☆☆☆☆